www.iqbalkalmati.blogspot.com

اسماءِ اعظم

اور

اسماءِ حسنیٰ

مرتب

مولانا حسین احمد حیدر آبادی

مصدقہ

مولانا مفتی عبدالرؤف سکھروی مدظلہ

مکتبۃ الاسلام کراچی

www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اسماءِ اعظم
اور
اسماءِ حسنیٰ

اس میں اللہ تعالیٰ کے وہ بڑے نام لکھے گئے ہیں جن
کے ذریعہ دعا کرنے سے دعا قبول ہوتی ہے۔

مولانا حسین احمد حیدر آبادی

مصدقہ

حضرت مولانا مفتی عبدالرؤف سکھروی دامت برکاتہم العالیہ

مکتبۃ الاسلام کراچی

www.iqbalkalmati.blogspot.com

حقوقِ طبع محفوظ

باہتمام : شاہد محمود
مطبع : القادر پرنٹنگ پریس، کراچی
ناشر : مکتبۃ الاسلام کراچی
کورنگی انڈسٹریل ایریا، کراچی
فون : 021-5016664-65
موبائل : 0300-8245793

ملنے کے پتے

- ادارۃ المعارف، دارالعلوم کراچی
- دارالاشاعت، اردو بازار، کراچی
- ایچ ایم سعید، پاکستان چوک، کراچی
- مکتبہ زکریا، بنوری ٹاؤن، کراچی

www.iqbalkalmati.blogspot.com

فہرست مضامین

عنوانات صفحہ نمبر

پیشِ لفظ ۷
اسمِ اعظم ۱۲
فضیلت ۱۳
اسمِ اعظم ۱۴
فضیلت ۱۵
آیۃ الکرسی میں اسمِ اعظم ۱۶
فضیلت ۱۸
سورۂ آلِ عمران میں اسمِ اعظم ۱۹

www.iqbalkalmati.blogspot.com

فضیلت ۲۱
آیتِ کریمہ میں اسمِ اعظم ۲۱
فضیلت ۲۲
سورۃُ الحشر میں اسماءِ اعظم ۲۲
فضیلت ۲۶
اسمِ اعظم ۲۷
فضیلت ۲۸
اسمِ اعظم ۲۸
فضیلت ۳۰
اسمِ اعظم ۳۰
فضیلت ۳۲

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اسمِ اعظم ۳۲
فضیلت ۳۳
اسمِ اعظم ۳۳
فضیلت ۳۴
اسمِ اعظم ۳۵
فضیلت ۳۶
اسمِ اعظم ۳۶
فضیلت ۳۷
اسمِ اعظم ۳۹
فضیلت ۴۰
اسمِ اعظم ۴۱

www.iqbalkalmati.blogspot.com

فضیلت ۴۳

اسمِ اعظم ۴۴

فضیلت ۴۵

اسماءِ حسنیٰ ۴۶

اسماءِ اعظم ایک نظر میں ۶۴

www.iqbalkalmati.blogspot.com

پیشِ لفظ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ و کفیٰ و سلام علیٰ عبادہ

الذین اصطفیٰ

اما بعد!

عرصہ سے اسماءِ اعظم جمع کرنے کا شوق تھا، تاکہ ان کو پڑھ کر دعا کی جائے اور دعا کی قبولیت حاصل کی جائے، ایک کرم فرمانے کارڈ کی شکل میں اسماءِ اعظم جمع کرکے دکھائے، پسند آئے لیکن ان کے ساتھ صرف ان

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کتابوں کے حوالے تھے جن سے وہ اسماءِ اعظم لئے گئے تھے، جی یوں چاہتا تھا کہ وہ احادیثِ طیبہ بھی جمع کی جائیں جن میں یہ اسماء مذکور ہیں اور ان کی فضیلت بھی ذکر کی جائے، عزیزم محترم مولانا حسین احمد سلمہ نے اسماءِ اعظم اور احادیث دونوں کو بڑے قاعدے اور سلیقہ سے جمع کر دیا جسے دیکھ کر دل خوش ہوا، پھر ناچیز کے مشورہ سے موصوف نے اس رسالہ میں اسماءِ حسنیٰ بھی ذکر کر دئے، اب یہ دونوں مبارک اسماء، فضیلت کے ساتھ اس میں موجود ہیں، اگر دعا سے پہلے ان کو پڑھ لیا جائے اور اس کے بعد دعا کی جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ دعا قبول ہوگی اور ان مبارک اسماء کو پڑھنے کی برکت اور فضیلت بھی حاصل ہوگی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

دل سے دعا ہے کہ اللہ آں عزیز کی اس کاوش کو قبول فرمائے اور تمام مسلمانوں کو اس سے استفادہ کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

بندہ عبدالرؤف سکھروی

۱۸۔۸۔۱۹۲۹ھ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

www.iqbalkalmati.blogspot.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

احادیث طیبہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ''اسماءِ حسنیٰ'' میں بعض نام وہ ہیں جن کو اس لحاظ سے خاص عظمت حاصل ہے کہ جب ان کے ذریعے دعا کی جائے تو قبولیت کی زیادہ امید ہو جاتی ہے۔

ان اسماء کو حدیث میں ''اسمِ اعظم'' کہا گیا ہے، لیکن صراحت کے ساتھ ان کو متعین نہیں کیا گیا ہے، بلکہ کسی درجہ میں ان کو مبہم رکھا گیا ہے، اور یہ ایسا ہی ہے جیسا کہ لیلۃ القدر کو اور جمعہ کے دن قبولیتِ دعا کے خاص وقت کو مبہم رکھا گیا ہے۔

احادیثِ طیبہ سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اللہ پاک

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کا کوئی ایک ہی اسمِ پاک ''اسمِ اعظم'' نہیں ہے جیسا کہ بہت سے لوگ سمجھتے ہیں، بلکہ متعدد اسماءِ حسنیٰ کو اسمِ اعظم کہا گیا ہے، نیز انہی احادیث سے یہ بات بھی واضح ہو جاتی ہے کہ عوام میں اسمِ اعظم کا جو تصور ہے اور اس کے بارے میں جو طرح طرح کی باتیں مشہور ہیں وہ بالکل بے اصل ہیں، اصل حقیقت وہی ہے جو اوپر عرض کی گئی ہے، اس کے بعد اس بارے میں احادیثِ ذیل پڑھئے۔

اسمِ اعظم

یَاحَیُّی یَاقَیُّومُ. یَااِلٰھَنَا وَ اِلٰہَ کُلِّ شَیْءٍ اِلٰھاً وَّاحِداً لَآاِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ. یَااِلٰھَنَا وَ اِلٰہَ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

كُلِّ شَيءٍ يَاذَالجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ.

ترجمہ

''اے حی وقیوم ذات! اے ہمارے معبود اور ہر چیز کے معبود! اے صاحبِ جلال واکرام ذات!''

فضیلت

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ وہ اسمِ اعظم جس کے ذریعہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے وزیر نے ملکۂ سبا کے تخت کو حاضر کرنے کے لئے دعا مانگی تھی اور پلک جھپکنے میں تخت حاضر کر دیا تھا۔ وہ یَاحَیُّی

www.iqbalkalmati.blogspot.com

یَاقَیُّومُ ہے جبکہ ایک قول کے مطابق وہ دعا یَااِلٰھَنَا وَ اِلٰہَ کُلِّ شَیْءٍ اِلٰھاً وَّاحِداً لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ ہے۔ ایک اور قول کے مطابق وہ دعا یَااِلٰھَنَاوَاِلٰہَ کُلِّ شَیء ہے۔(قرطبی ۲۰/۱۳: عن عائشہؓ)

اسمِ اعظم

وَاِلٰھُکُمْ اِلٰـہٌ وَاحِدٌ لَّااِلٰـہَ اِلَّا ھُوَالرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ. الٓمّٓ اَللّٰہُ لَااِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّومُ وَعَنَتِ الْوُجُوہُ لِلْحَیِّ الْقَیُّوْمِ.

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ترجمہ

''اور وہ جو تم سب کے معبود بننے کا مستحق ہے وہ ایک ہی معبود ہے، اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، وہ رحمٰن و رحیم ہے، اللہ تعالیٰ ایسے ہیں کہ ان کے سوا کوئی معبود بنانے کے قابل نہیں اور وہ زندہ ہے، اور تمام چہرے اس حی و قیوم کے سامنے جھکے ہوں گے۔''

فضیلت

حضور ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ کا اسمِ اعظم ان

www.iqbalkalmati.blogspot.com

دوآیتوں میں ہے یعنی وَاِلٰھُکُمْ اِلٰہٌ وَاحِدٌ اور الٓمّٓ اَللّٰہُ لَااِلٰہَ اِلَّاھُوَ"

(الترمذی: رقم ۳۴۰۰)

آیۃ الکرسی میں اسم اعظم

اَللّٰہُ لَااِلٰـہَ اِلَّاھُـوَ ط اَلْـحَـیُّ الْـقَیُّـوْمُ ج
لَاتَـأْخُـذُہٗ سِـنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ ط لَـہٗ مَـا فِـی
السَّـمٰـوٰتِ وَ مَـا فِـی الْاَرْضِ ط مَنْ ذَا
الَّـذِی یَشْـفَـعُ عِنْدَہٗ اِلَّا بِاِذْنِہٖ ط یَـعْلَمُ مَا
بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُم ج وَلَایُحِیْطُونَ
بِشَـیْءٍ مِّـنْ عِـلْـمِہٖ اِلَّا بِمَا شَاءَ ج وَسِعَ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ج
وَلَايَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ج
وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ○

ترجمہ

''اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، وہ زندہ ہے، سنبھالنے والا ہے، نہ اس کو اونگھ دبا سکتی ہے، اور نہ نیند، اسی کے مملوک ہیں سب جو کچھ آسمانوں میں ہیں اور جو کچھ زمین میں ہیں، ایسا کون شخص ہے جو اس کے پاس سفارش کر سکے بغیر اس کی اجازت کے،

www.iqbalkalmati.blogspot.com

وہ جانتا ہے ان کے تمام حاضر و غائب حالات کو اور وہ موجودات اس کے معلومات میں سے کسی چیز کو اپنے احاطہ علمی میں نہیں لا سکتے، مگر جس قدر وہ چاہے اس کی کرسی نے سب آسمانوں اور زمینوں کو اپنے اندر لے رکھا ہے، اور اللہ تعالیٰ کو ان دونوں کی حفاظت کچھ گراں نہیں گزرتی اور وہ عالی شان عظیم الشان ہے۔''

فضیلت

حضور ﷺ نے فرمایا: ''اللہ کا اسمِ اعظم جس

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کے ذریعے دعا کی جائے تو قبول کی جاتی ہے وہ تین سورتوں میں ہے یعنی سورۂ بقرہ، سورۂ آلِ عمران اور سورۂ طٰہٰ۔ حشام بن عماد فرماتے ہیں: ''سورۃ البقرۃ میں تو آیۃ الکرسی ہے اور سورۂ آل عمران میں الٓمّٓ اللّٰہُ لاَ اِلٰـہَ اِلاَّ ھُوَ الخ اور سورۂ طٰہٰ میں وَعَنَتِ الْوُجُوْہُ الخ ہے''۔ (ابن ماجہ رقم ۳۸۴۶)

سورۂ آلِ عمران میں اسمِ اعظم

قُلِ اللّٰھُمَّ مَالِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ تَشَاءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَاءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَنْ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

تَشَاءُ ط بِيَدِكَ الْخَيْرُ ط اِنَّكَ عَلٰى
كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○

ترجمہ

آپ یوں کہئے کہ اے اللہ! مالک تمام ملک کے، آپ ملک جس کو چاہیں دیدیتے ہیں اور جس سے چاہیں ملک لے لیتے ہیں، اور جس کو آپ چاہیں غالب کردیتے ہیں، اور جس کو آپ چاہیں پست کردیتے ہیں، آپ ہی کے اختیار میں ہے سب بھلائی، بلاشبہ آپ ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والے ہیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

فضیلت

حضور ﷺ نے فرمایا: ''وہ اسمِ اعظم جس کے ذریعے دعا کی جائے تو اللہ عزّو جلّ قبول فرماتے ہیں وہ سورۂ آلِ عمران کی اِس آیت میں ہے قُلِ اللّٰھُمَّ مَالِکَ الْمُلْکِ الخ''۔ (قرطبی ۱ / ۴۵۱)

آیتِ کریمہ میں اسمِ اعظم

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّی کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ○

ترجمہ

آپ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، آپ پاک

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ہیں، میں بیشک قصوروار ہوں۔

فضیلت

حضور ﷺ نے فرمایا: ''حضرت یونسؑ کی دعا لاَ اِلٰهَ اِلاَّ اَنْتَ الخ ہے، جو مسلمان بندہ ان کلمات کو پڑھ کر دعا مانگے گا تو اللہ تعالیٰ اس کی دعا کو ضرور قبول فرمائیں گے''۔

(ترمذی: رقم ۳۴۲۶)

سورۃُ الحشر میں اسماءِ اعظم

وَلاَ تَكُوْنُوا كَالَّذِيْنَ نَسُوا اللّٰهَ فَاَنْسٰهُمْ اَنْفُسَهُمْ ط اُولٰئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ O لاَ يَسْتَوِيْ اَصْحٰبُ النَّارِ وَاَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ط

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمُ الْفَائِزُوْنَ ○ لَوْ
أَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَأَيْتَهٗ
خَاشِعاً مُّتَصَدِّعاً مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ط
وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ
يَتَفَكَّرُوْنَ ○ هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج
عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ج هُوَ الرَّحْمٰنُ
الرَّحِيْمُ ○ هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج
اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ
الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ط
سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ○ هُوَ اللّٰهُ
الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَاءُ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

الْحُسْنٰى ط يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ ج وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○

ترجمہ

اور تم ان لوگوں کی طرح مت ہو جنہوں نے اللہ سے بے پروائی کی سو اللہ تعالیٰ نے خود ان کی جان سے ان کو بے پروا بنا دیا، یہی لوگ نافرمان ہیں، اہلِ جہنم اور اہلِ جنت باہم برابر نہیں، جو اہلِ جنت ہیں وہ کامیاب لوگ ہیں، اگر ہم اس قرآن کو کسی پہاڑ پر نازل کرتے تو تو اس کو دیکھتا کہ خدا کے خوف سے دب جاتا اور

www.iqbalkalmati.blogspot.com

پھٹ جاتا اور ان عجیب مضامین کو ہم لوگوں کے لئے بیان کرتے ہیں تاکہ وہ سوچیں، وہ ایسا معبود ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ جاننے والا ہے پوشیدہ چیزوں کا اور ظاہر چیزوں کا، وہی بڑا مہربان اور رحم والا ہے، وہ ایسا معبود ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ بادشاہ ہے، پاک ہے، سالم ہے، امن دینے والا ہے، نگہبانی کرنے والا ہے، زبردست ہے، خرابی کا درست کرنے والا ہے، بڑی عظمت والا ہے، اللہ تعالیٰ لوگوں کے شرک سے پاک ہے، وہ معبود ہے، پیدا کرنے والا

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ہے، ٹھیک ٹھیک بنانے والا ہے، صورت بنانے والا ہے، اس کے اچھے اچھے نام ہیں، سب چیزیں اس کی تسبیح کرتی ہیں جو آسمانوں میں اور زمین میں ہیں اور وہی زبردست حکمت والا ہے۔

فضیلت

حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے خلیل حضور ﷺ سے اللہ تعالیٰ کے اسمِ اعظم کے بارے میں پوچھا تو حضور ﷺ نے فرمایا: ابو ہریرہ تم سورۂ حشر کی آخری چھ آیات کا اہتمام کرو اور زیادہ سے زیادہ اس کو پڑھا کرو۔ (قرطبی ۱۸ /۴۸، ۴۹)

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اسمِ اعظم

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُکَ بِاَنِّی اَشْھَدُ اَنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ لَا اِلٰـہَ اِلَّا اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ○.

ترجمہ

اے اللہ! میں آپ سے اس ذریعہ سے سوال کرتا ہوں کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ ہی اللہ ہیں، آپ کے سوا کوئی معبود نہیں، آپ یکتا و بے نیاز ہیں، جس کی کوئی اولاد نہیں، اور نہ آپ کسی کی اولاد ہیں، اور نہ کوئی آپ کے برابر کا ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

فضیلت

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے ایک شخص سے سنا کہ وہ کہہ رہا تھا: ''اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنِّیْ اَشْھَدُ الخ''، تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ اس نے اللہ تعالیٰ سے اُس اسمِ اعظم کے وسیلے سے سوال کیا ہے، جب کوئی اس کے وسیلے سے سوال کرتا ہے تو اللہ پاک عطا فرماتے ہیں اور جب کوئی اس کے وسیلے سے دعا کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ قبول فرماتے ہیں۔

(ابو داؤد :رقم ۱۲۷۶، الترمذی:رقم ۳۳۹۷)

اسمِ اعظم

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُکَ بِاَنَّ لَکَ الْحَمْدُ لا

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اِلٰـهَ اِلَّا أَنْـتَ الْـحَـنَّـانُ الْـمَنَّـانُ بَدِيْعُ السَّـمٰـوٰتِ وَالْاَرْضِ يَـاذَا الْـجَلَالِ وَالْاِكْـرَامِ، يَـاحَيُّـى يَـاقَيُّومُ أَسْئَلُکَ.

ترجمہ

اے اللہ! میں آپ سے اپنی حاجت مانگتا ہوں بوسیلہ اس کے کہ ساری حمد و ثنا آپ ہی کے لائق ہے، کوئی معبود نہیں آپ کے سوا، آپ نہایت مہربان اور بڑے محسن ہیں، زمین و آسمان کے پیدا کرنے والے ہیں، میں آپ ہی سے مانگتا ہوں، اے ذو الجلال و الاکرام! اے حی و قیوم!

www.iqbalkalmati.blogspot.com

فضیلت

حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ نبیِ کریم ﷺ نے ایک شخص کو کہتے ہوئے سنا: ''اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُکَ بِاَنَّ لَکَ الْحَمْدُ الخ''، تو آپ ﷺ نے فرمایا: ''اس نے اللہ تعالیٰ سے اس کا اسمِ اعظم لے کر سوال کیا ہے، جب کوئی اس کے وسیلے سے سوال کرتا ہے تو اللہ پاک عطا کرتے ہیں، جب اس کے وسیلے سے دعا کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ قبول فرماتے ہیں۔'' (ابو داؤد: رقم ۱۲۷۷: عن انس بن مالکؓ)

اسمِ اعظم

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اَلطَّاهِرِ الطَّيِّبِ الْمُبَارَكِ الْاَحَبِّ
اِلَيْكَ الَّذِی اِذَا دُعِيْتَ بِهٖ اَجَبْتَ
وَاِذَا سُئِلْتَ بِهٖ اَعْطَيْتَ
وَاِذَا اسْتُفْرِجْتَ بِهٖ فَرَّجْتَ.

ترجمہ

اے اللہ! میں آپ سے آپ کے اس نام سے اپنی حاجت مانگتا ہوں جو انتہائی پاکیزہ، بابرکت، اور آپ کے ہاں محبوب نام ہے، وہ نام جس کے وسیلہ سے جو دعا کی جائے آپ قبول فرماتے ہیں، اور

www.iqbalkalmati.blogspot.com

جب اس کے وسیلہ سے حاجت مانگی جائے تو آپ عطا فرماتے ہیں، اور جب اس کے وسیلہ سے کشادگی طلب کی جائے تو آپ کشادگی عطا فرماتے ہیں۔

فضیلت

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ میں نے سنا کہ حضور ﷺ یہ دعا فرما رہے تھے اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ الطَّاھِرِ الطَّیِّبِ الخ. (ابن ماجه: ۳۸۴۹)

اسمِ اعظم

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ الْاَعْظَمِ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ترجمہ

اے اللہ! میں آپ سے آپ کے ''اسمِ اعظم'' کے وسیلے سے اپنی حاجت مانگتا ہوں۔

فضیلت

حضرت حمزہ بن عبدالمطلب سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اس دعا کا اہتمام کرو، کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام ہے اور وہ دعا ''اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ الْاَعْظَمِ'' ہے۔

(الطبرانی فی المعجم الکبیر: ۳ / ۱۵۱)

اسمِ اعظم

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُکَ بِاَنَّکَ مَلِکٌ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

وَّاَنْتَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ، وَ مَا تَشَاءُ

مِنْ اَمْرٍ یَّکُوْنُ.

ترجمہ

اے اللہ! میں آپ سے اس وسیلے سے اپنی حاجت مانگتا ہوں کہ آپ بادشاہ ہیں اور آپ ہر چیز پر قادر ہیں اور جو بھی چاہتے ہیں وہ ہو جاتی ہے۔

فضیلت

حضرت سعید بن مسیّبؒ کہتے ہیں: ''ایک مرتبہ میں چاندنی رات میں مسجد میں داخل ہوا میں سمجھا کہ صبح ہوگئی ہے

www.iqbalkalmati.blogspot.com

لیکن رات باقی تھی، میں کھڑا ہوا اور نماز پڑھنے لگا پھر دعا کے لئے بیٹھ گیا میرے پیچھے سے آواز آئی: ''عبداللہ!''، کہو، میں نے کہا: ''کیا کہوں؟'' آواز آئی کہ یہ کہو اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُکَ بِاَنَّکَ مَلِکٌ الخ''، حضرت مسیبؒ فرماتے ہیں: ''میں نے جب بھی اپنے کسی معاملے میں اس دعا کے ذریعے دعا کی تو قبول ہوئی''۔

(کنز الدعا اسم اللہ الاعظم لسجی الدین عبدالحمید)

اسمِ اعظم

رَبِّ رَبِّ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ترجمہ

''اے میرے رب!، اے میرے رب!''

فضیلت

حضرت ابن عباس اور ابودرداءؓ فرماتے ہیں: ''اللہ کا بڑا نام رَبٌّ رَبٌّ ہے''۔ (مستدرک حاکم ۱/۲۸۴)

اسمِ اعظم

اَللّٰھُمَّ اِنِی اَسْئَلُکَ بِاَنَّ لَکَ الْحَمْدُ لاَ اِلٰہَ اِلاَّ اَنْتَ الْمَنَّانُ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَاذَا الْجَلاَلِ وَالْاِکْرَامِ، یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ اَسْئَلُکَ.

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ترجمہ

''اے اللہ! میں آپ سے اپنی حاجت مانگتا ہوں بوسیلہ اس کے کہ ساری حمد وثنا تیرے ہی لئے لائق ہے، کوئی معبود نہیں تیرے سوا، تو نہایت مہربان اور بڑا محسن ہے، زمین وآسمان کا پیدا کرنے والا ہے، میں آپ ہی سے مانگتا ہوں، اے ذو الجلال و الاکرام! اے حی وقیوم!''

فضیلت

حضرت انسؓ فرماتے ہیں: ''میں حضور ﷺ کے

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ساتھ بیٹھا ہوا تھا آپ کے سامنے ایک شخص نماز پڑھ رہا تھا جب وہ تشہد کے لئے بیٹھا تو اس نے اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُکَ بِاَنَّ لَکَ الْحَمْدُ الخ سے دعا کی تو آپ ﷺ نے فرمایا: ''جانتے ہو اس نے کس چیز سے دعا کی ہے؟'' صحابہؓ نے عرض کیا ''اللہ اور اس کے رسول زیادہ جانتے ہیں'' آپ ﷺ نے فرمایا: ''اس ذات کی قسم جس کے قبضے میں میری جان ہے اس شخص نے اللہ تعالیٰ کے اس اسمِ اعظم کے ذریعے دعا کی ہے جب کوئی اس کے ذریعے دعا کرے تو اللہ تعالیٰ قبول فرماتے ہیں اور جب کوئی اس کے ذریعے کچھ مانگتا ہے تو اللہ پاک عطا فرماتے ہیں۔''

(النسائی: رقم ۱۲۸۳)

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اسمِ اعظم

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُکَ یَا اَللّٰہُ بِاَنَّکَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَ لَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ اَنْ تَغْفِرَلِیْ ذُنُوْبِیْ اِنَّکَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْم.

ترجمہ

''یا اللہ! میں آپ سے اس وسیلے سے دعا کرتا ہوں کہ آپ تنہا و یکتا ہیں، آپ بے نیاز ہیں، جس کی کوئی اولاد نہیں، اور نہ آپ کسی کی اولاد ہیں، اور نہ کوئی آپ کے برابر کا ہے، آپ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

میرے تمام گناہوں کو معاف فرمادیں، بلاشبہ
آپ ہی غفور ورحیم ہیں۔''

فضیلت

آپ ﷺ ایک مرتبہ مسجد میں داخل ہوئے تو ایک شخص کو نماز کے دوران تشہد میں یہ دعا پڑھتے ہوئے سنا تو فرمایا: ''قَدْ غُفِرَ لَهُ قَدْ غُفِرَ لَهُ'' یقیناً اُس کی مغفرت کردی گئی، یقیناً اُس کی مغفرت کردی گئی۔

(ابو دائود:رقم ۸۳۵)

اسمِ اعظم

اَللّٰهُمَّ اِنِّی عَبْدُکَ وَابْنُ عَبْدِکَ وَابْنُ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اَمَتِکَ نَاصِیَتِی بِیَدِکَ مَاضٍ فِیَّ
حُکْمُکَ عَدْلٌ فِیَّ قَضَاؤُکَ اَسْئَلُکَ
بِکُلِّ اِسْمٍ هُوَ لَکَ سَمَّیْتَ بِهٖ نَفْسَکَ
اَوْعَلَّمْتَهٗ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِکَ اَوْاَنْزَلْتَهٗ
فِی کِتَابِکَ اَوِاسْتَأْثَرْتَ بِهٖ فِی عِلْمِ
الْغَیْبِ عِنْدَکَ اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ رَبِیْعَ
قَلْبِیْ وَ نُوْرَ صَدْرِیْ وَجَلَاءَ حُزْنِیْ
وَذَهَابَ هَمِّیْ وَ غَمِّیْ.

ترجمہ

''اے اللہ! میں آپ کا بندہ ہوں، اور آپ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کے ایک بندے اور ایک بندی کا بیٹا ہوں، اور
ہمہ تن آپ کے دست و قدرت میں ہوں،
میرے بارے میں آپ کا ہر حکم نافذ ہے، اور
میرے بارے میں آپ کا ہر فیصلہ عینِ انصاف
ہے، میں آپ سے آپ کے ہر اس اسمِ پاک
کے واسطے سے جس سے آپ نے اپنی مقدس
ذات کو موسوم کیا، یا اپنی کسی کتاب میں اس کو
نازل فرمایا، یا اپنے خاص خزانۂ غیب میں اس
کو محفوظ رکھا، درخواست کرتا ہوں کہ قرآنِ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

عظیم کو میرے دل کی بہار بنا دیجئے، میرے دل کے لئے باعثِ نور بنا دیجئے، اور میری فکروں اور میرے غموں کو اس کی برکت سے دور فرما دیجئے۔"

فضیلت

حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ تم میں سے کسی کو کوئی غم اور پریشانی پیش آئے تو وہ یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اِنِّی عَبْدُکَ وَابْنُ عَبْدِکَ الخ تو اللہ تعالیٰ اس کے غم اور پریشانی کو دور فرمائیں گے اور اسکی جگہ کشادگی نصیب فرمائیں گے۔(مسند احمد: رقم ۳۵۲۸-۴۰۹۱ عن عبداللہؓ)

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اسمِ اعظم

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَدْعُوْکَ اللہَ وَاَدْعُوْکَ الرَّحْمٰنَ وَاَدْعُوْکَ الْبَرَّ الرَّحِیْمَ وَاَدْعُوْکَ بِاَسْمَائِکَ الْحُسْنٰی کُلِّھَا مَا عَلِمْتُ مِنْھَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ اَنْ تَغْفِرَلِیْ وَتَرْحَمَنِیْ.

ترجمہ

''اے اللہ! میں آپ کو ''اللہ'' کے نام سے پکارتا ہوں، اور میں آپ کو ''رحمٰن'' کے نام سے پکارتا ہوں، میں آپ کو ''برّ و رحیم'' کے

www.iqbalkalmati.blogspot.com

نام سے پکارتا ہوں، میں آپ کو آپ کے ان تمام ''اسماءِ حسنیٰ'' کے واسطے سے پکارتا ہوں، جو میں جانتا ہوں اور ان ''اسماءِ حسنیٰ'' کے واسطے سے جو میں نہیں جانتا، کہ آپ میری مغفرت فرما دیجئے اور مجھ پر رحم فرما دیجئے۔''

فضیلت

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں: میں نے حضور ﷺ کے سامنے دو رکعت نماز کے بعد ان الفاظ سے دعا مانگی تو آپ ﷺ نے فرمایا: وہ نام جس کے ذریعہ دعا کی جائے تو اللہ تعالیٰ قبول فرماتے ہیں وہ انہی ناموں میں موجود ہے جن کے ذریعہ تم نے دعا کی ہے۔ (ابن ماجہ)

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اسماءِ حسنیٰ

حقیقی معنیٰ میں اللہ پاک کا نام یعنی اسمِ ذات صرف ایک ہی ہے، اور وہ ہے ''اللہ''۔ البتہ اس کے صفاتی نام سینکڑوں ہیں جو قرآن مجید اور احادیث میں وارد ہوئے ہیں، انہی کو ''اسماءِ حسنیٰ'' کہا جاتا ہے، ان میں ننانوے نام زیادہ مشہور ہیں۔

یہ سارے صفاتی اسماءِ حسنیٰ اللہ تعالیٰ کے صفاتِ کمال کے عنوانات اور اس کی معرفت کے دروازے ہیں، چنانچہ اللہ تعالیٰ کے ذکر کی ایک بڑی جامع صورت یہ بھی ہے کہ بندہ اللہ تعالیٰ کی عظمت اور محبت کے ساتھ ان اسماء

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کو یاد کرے اور ان کے پڑھنے کا وظیفہ بنائے۔

اس تمہید کے بعد اس سلسلہ کی چند احادیث ذیل میں پڑھیے۔

عن ابی هريرة ﷺ قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان لله تسعة و تسعين اسما مائة الا واحدا من احصاها دخل الجنة (رواه البخاری والمسلم)

ترجمہ

حضرت ابو ہریرہ ﷺ سے روایت ہے کہ رسول

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ: ''اللہ تعالیٰ کے ننانوے یعنی ایک کم سو نام ہیں، جس نے ان کو محفوظ کیا اور ان کی نگرانی کی وہ جنت میں جائے گا (بخاری و مسلم)

بخاری و مسلم کی روایت میں صرف اتنا ہی ہے، ان ننانوے ناموں کی تفصیل اور تعیین اس روایت میں نہیں کی گئی ہے، عنقریب انشاء اللہ جامع ترمذی وغیرہ کی اس روایت کا ذکر آئے گا جس میں تفصیل کے ساتھ یہ ننانوے نام بیان کئے گئے ہیں۔

حضرت ابو ہریرہ ﷺ کی اس حدیث کے بارے میں کہا گیا ہے کہ اس کا مطلب اور مدعا یہ ہے کہ جو بندہ اللہ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

تعالیٰ کے ننانوے ناموں کو یاد کرے گا اور ان کی نگرانی کرے گا وہ جنت میں جائے گا، یعنی صرف ننانوے ناموں کو یاد کر لینے پر بندہ اس بشارت کا مستحق ہو جائے گا۔

حدیث پاک کے درج ذیل جملہ:

مَنْ أَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ

ترجمہ

''جس نے ان کو محفوظ کیا وہ جنت میں جائے گا''

کی تشریح میں علماء اور شارحین نے مختلف باتیں لکھی ہیں چنانچہ:

ایک مطلب اس کا یہ بیان کیا ہے کہ جو بندہ ان اسماءِ حسنیٰ کے مطالب سمجھ کر اور ان کی معرفت حاصل کر کے

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اللہ تعالیٰ کی ان صفات پر یقین کرے گا وہ جنت میں جائے گا۔

دوسرا مطلب یہ بیان کیا گیا ہے کہ جو بندہ ان اسماءِ حسنیٰ کے تقاضوں پر عمل پیرا ہوگا وہ جنت میں جائے گا۔

تیسرا مطلب یہ بیان کیا گیا ہے کہ جو بندہ ننانوے ناموں سے اللہ تعالیٰ کو یاد کرے گا اور ان کے ذریعہ اس سے دعا کرے گا وہ جنت میں جائے گا۔

اب وہ حدیث ذیل میں ملاحظہ فرمایئے جس میں آنحضرت ﷺ نے اللہ تعالیٰ کے ننانوے اسماء بتلائے ہیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ اِنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَّ تِسْعِیْنَ اسْمًا مِائَةً اِلَّا وَاحِدَةً مَنْ اَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ:

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

اَلرَّحْمٰنُ	اَلرَّحِیْمُ	اَلْمَلِکُ	اَلْقُدُّوْسُ
اَلسَّلَامُ	اَلْمُؤْمِنُ	اَلْمُهَیْمِنُ	اَلْعَزِیْزُ
اَلْجَبَّارُ	اَلْمُتَکَبِّرُ	اَلْخَالِقُ	اَلْبَارِئُ
اَلْمُصَوِّرُ	اَلْغَفَّارُ	اَلْقَهَّارُ	اَلْوَهَّابُ
اَلرَّزَّاقُ	اَلْفَتَّاحُ	اَلْعَلِیْمُ	اَلْقَابِضُ
اَلْبَاسِطُ	اَلْخَافِضُ	اَلرَّافِعُ	اَلْمُعِزُّ
اَلْمُذِلُّ	اَلسَّمِیْعُ	اَلْبَصِیْرُ	اَلْحَکَمُ
اَلْعَدْلُ	اَللَّطِیْفُ	اَلْخَبِیْرُ	اَلْحَلِیْمُ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اَلْعَظِیْمُ	اَلْغَفُوْرُ	اَلشَّکُوْرُ	اَلْعَلِیُّ
اَلْکَبِیْرُ	اَلْحَفِیْظُ	اَلْمُقِیْتُ	اَلْحَسِیْبُ
اَلْجَلِیْلُ	اَلْکَرِیْمُ	اَلرَّقِیْبُ	اَلْمُجِیْبُ
اَلْوَاسِعُ	اَلْحَکِیْمُ	اَلْوَدُوْدُ	اَلْمَجِیْدُ
اَلْبَاعِثُ	اَلشَّهِیْدُ	اَلْحَقُّ	اَلْوَکِیْلُ
اَلْقَوِیُّ	اَلْمَتِیْنُ	اَلْوَلِیُّ	اَلْحَمِیْدُ
اَلْمُحْصِیْ	اَلْمُبْدِئُ	اَلْمُعِیْدُ	اَلْمُحْیِیْ
اَلْمُمِیْتُ	اَلْحَیُّ	اَلْقَیُّوْمُ	اَلْوَاجِدُ
اَلْمَاجِدُ	اَلْوَاحِدُ	اَلْاَحَدُ	اَلصَّمَدُ
اَلْقَادِرُ	اَلْمُقْتَدِرُ	اَلْمُقَدِّمُ	اَلْمُؤَخِّرُ
اَلْاَوَّلُ	اَلْآخِرُ	اَلظَّاهِرُ	اَلْبَاطِنُ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اَلْوَالِیْ	اَلْمُتَعَالِیْ	اَلْبَرُّ	اَلتَّوَّابُ
اَلْمُنْتَقِمُ	اَلْعَفُوُّ	اَلرَّؤُوْفُ	مَالِکُ الْمُلْکِ
ذُوْ الْجَلَالِ	وَ الْاِکْرَامِ	اَلْمُقْسِطُ	اَلْجَامِعُ
اَلْغَنِیُّ	اَلْمُغْنِیْ	اَلْمَانِعُ	اَلضَّارُّ
اَلنَّافِعُ	اَلنُّوْرُ	اَلْهَادِیْ	اَلْبَدِیْعُ
اَلْبَاقِیْ	اَلْوَارِثُ	اَلرَّشِیْدُ	اَلصَّبُوْرُ

ترجمہ

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ: ''اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں، (ایک کم سو) جس نے ان کو

www.iqbalkalmati.blogspot.com

محفوظ کیا اور ان کی نگہداشت کی وہ جنت میں جائے گا، (ان ناموں کی تفصیل یہ ہے)

''وہ اللہ ہے جس کے سوا کوئی مالک و معبود نہیں ہے'' (اور اس کے ننانوے خوب صورت نام بمع ترجمہ و مطلب درج ذیل ہیں)

نمبر شمار	نام	معنی و مطلب
۱	اَلرَّحْمٰنُ	بڑی رحمت والا
۲	اَلرَّحِیْمُ	نہایت مہربان
۳	اَلْمَلِکُ	حقیقی بادشاہ و فرمانروا
۴	اَلْقُدُّوْسُ	نہایت مقدس اور پاک
۵	اَلسَّلَامُ	جس کی ذاتی صفت سلامتی ہے

www.iqbalkalmati.blogspot.com

نمبر شمار	نام	معنیٰ و مطلب
۶	اَلْمُؤْمِنُ	امن وامان عطا فرمانے والا
۷	اَلْمُهَيْمِنُ	پوری نگہبانی فرمانے والا
۸	اَلْعَزِيْزُ	غلبہ اور عزت والا، سب پر غالب
۹	اَلْجَبَّارُ	صاحبِ جبروت، ساری مخلوق اس کے زیرِ تصرف
۱۰	اَلْمُتَكَبِّرُ	کبریائی اور بڑائی اس کا حق ہے
۱۱	اَلْخَالِقُ	پیدا فرمانے والا
۱۲	اَلْبَارِئُ	ٹھیک بنانے والا
۱۳	اَلْمُصَوِّرُ	صورت گری کرنے والا
۱۴	اَلْغَفَّارُ	گناہوں کا بہت زیادہ بخشنے والا
۱۵	اَلْقَهَّارُ	سب پر پوری طرح غالب اور قابو یافتہ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

نمبر شمار	نام	معنیٰ و مطلب
۱۶	اَلْوَهَّابُ	بغیر کسی عوض اور منفعت کے خوب عطا فرمانے والا
۱۷	اَلرَّزَّاقُ	سب کو روزی دینے والا
۱۸	اَلْفَتَّاحُ	سب کے لئے رحمت و رزق کے دروازے کھولنے والا
۱۹	اَلْعَلِیْمُ	سب کچھ جاننے والا
۲۰	اَلْقَابِضُ	تنگی کرنے والا
۲۱	اَلْبَاسِطُ	فراخی کرنے والا
۲۲	اَلْخَافِضُ	پست کرنے والا
۲۳	اَلرَّافِعُ	بلند کرنے والا
۲۴	اَلْمُعِزُّ	عزت دینے والا
۲۵	اَلْمُذِلُّ	ذلت دینے والا

www.iqbalkalmati.blogspot.com

نمبر شمار	نام	معنیٰ و مطلب
۲۶	السَّمِیْعُ	سب کچھ سننے والا
۲۷	الْبَصِیْرُ	سب کچھ دیکھنے والا
۲۸	الْحَکَمُ	حاکمِ حقیقی
۲۹	الْعَدْلُ	سراپا عدل و انصاف
۳۰	اللَّطِیْفُ	لطافت اور لطف و کرم جس کی ذاتی صفت ہے
۳۱	الْخَبِیْرُ	ہر بات سے باخبر
۳۲	الْحَلِیْمُ	نہایت بردبار
۳۳	الْعَظِیْمُ	بڑی عظمت والا، سب سے بزرگ و برتر
۳۴	الْغَفُوْرُ	بہت بخشنے والا
۳۵	الشَّکُوْرُ	حسنِ عمل کی قدر کرنے والا، بہتر سے بہتر جزا دینے والا

www.iqbalkalmati.blogspot.com

نمبر شمار	نام	معنیٰ و مطلب
۳۶	اَلْعَلِیُّ	سب سے بالا
۳۷	اَلْکَبِیْرُ	سب سے بڑا
۳۸	اَلْحَفِیْظُ	سب کا نگہبان
۳۹	اَلْمُقِیْتُ	سب کو سامانِ حیات فراہم کرنے والا
۴۰	اَلْحَسِیْبُ	سب کے لئے کفایت کرنے والا
۴۱	اَلْجَلِیْلُ	عظیم القدر
۴۲	اَلْکَرِیْمُ	صاحبِ کرم
۴۳	اَلرَّقِیْبُ	نگہدار اور محافظ
۴۴	اَلْمُجِیْبُ	قبول فرمانے والا
۴۵	اَلْوَاسِعُ	وسعت رکھنے والا

www.iqbalkalmati.blogspot.com

نمبر شمار	نام	معنیٰ و مطلب
۴۶	اَلْحَکِیْمُ	سب کا کام حکمت سے کرنے والا
۴۷	اَلْوَدُوْدُ	اپنے بندوں کو چاہنے والا
۴۸	اَلْمَجِیْدُ	بزرگی والا
۴۹	اَلْبَاعِثُ	اٹھانے والا، موت کے بعد مردوں کو جلانے والا
۵۰	اَلشَّهِیْدُ	حاضر جو سب کچھ دیکھتا اور جانتا ہے
۵۱	اَلْحَقُّ	جس کی ذات اور جس کا وجود اصلاً ''حق'' ہے
۵۲	اَلْوَکِیْلُ	کارساز
۵۳	اَلْقَوِیُّ	صاحبِ قوت
۵۴	اَلْمَتِیْنُ	بہت مضبوط
۵۵	اَلْوَلِیُّ	سرپرست و مددگار

www.iqbalkalmati.blogspot.com

نمبر شمار	نام	معنیٰ و مطلب
۵۶	اَلْحَمِیْدُ	مستحقِ حمد و ستائش
۵۷	اَلْمُحْصِیْ	سب مخلوقات کے بارے میں پوری معلومات رکھنے والا
۵۸	اَلْمُبْدِئُ	پہلا وجود بخشنے والا
۵۹	اَلْمُعِیْدُ	دوبارہ زندگی دینے والا
۶۰	اَلْمُحْیِیْ	زندگی بخشنے والا
۶۱	اَلْمُمِیْتُ	موت دینے والا
۶۲	اَلْحَیُّ	زندۂ جاوید، زندگی جس کی ذاتی صفت ہے
۶۳	اَلْقَیُّوْمُ	خود قائم رہنے والا، سب مخلوق کو قائم رکھنے والا
۶۴	اَلْوَاجِدُ	سب کچھ اپنے پاس رکھنے والا
۶۵	اَلْمَاجِدُ	بزرگی اور عظمت والا

www.iqbalkalmati.blogspot.com

نمبر شمار	نام	معنیٰ و مطلب
۶۶	اَلْوَاحِدُ	اپنی ذات میں ''ایک''
۶۷	اَلْأَحَدُ	اپنی صفات میں ''یکتا''
۶۸	اَلصَّمَدُ	سب سے بے نیاز اور سب اس کے محتاج
۶۹	اَلْقَادِرُ	قدرت دینے والا
۷۰	اَلْمُقْتَدِرُ	سب پر کامل قدرت رکھنے والا
۷۱	اَلْمُقَدِّمُ	جسے چاہے آگے کر دینے والا
۷۲	اَلْمُؤَخِّرُ	اور جسے چاہے پیچھے کر دینے والا
۷۳	اَلْأَوَّلُ	سب سے پہلے
۷۴	اَلْآخِرُ	سب سے پیچھے
۷۵	اَلظَّاهِرُ	بالکل آشکار

www.iqbalkalmati.blogspot.com

نمبر شمار	نام	معنیٰ و مطلب
۷۶	اَلْبَاطِنُ	بالکل مخفی
۷۷	اَلْوَالِیُ	مالک اور کارساز
۷۸	اَلْمُتَعَالِیُ	بہت بلند و بالا
۷۹	اَلْبَرُّ	بڑا محسن
۸۰	اَلتَّوَّابُ	توبہ کی توفیق دینے والا، توبہ قبول کرنے والا
۸۱	اَلْمُنْتَقِمُ	مجرمین کو کیفرِ کردار تک پہنچانے والا
۸۲	اَلْعَفُوُّ	بہت معافی دینے والا
۸۳	اَلرَّؤُوْفُ	بہت مہربان
۸۴	مَالِکُ	سارے جہان کا مالک
	اَلْمُلْکِ	.....

www.iqbalkalmati.blogspot.com

نمبر شمار	نام	معنیٰ و مطلب
۸۵	ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ	صاحب جلال اور بہت کرم فرمانے والا یعنی جس کے جلال سے بندہ ہمیشہ خوفزدہ اور جس کے کرم سے ہمیشہ امیدر کھے
۸۶	الْمُقْسِطُ	حقدار کا حق ادا کرنے والا عادل و منصف
۸۷	الْجَامِعُ	ساری مخلوق کو روزِ قیامت یکجا کرنے والا
۸۸	الْغَنِیُ	خود بے نیاز جس کو کسی سے کوئی حاجت نہیں
۸۹	الْمُغْنِیُ	اپنی عطا سے بندوں کو بے نیاز کر دینے والا
۹۰	الْمَانِعُ	روک دینے والا ہر اس چیز کو جسے روکنا چاہے
۹۱	الضَّارُ	اپنی حکمت و مشیت کے تحت ضرر پہنچانے والا
۹۲	النَّافِعُ	اپنی حکمت و مشیت کے تحت نفع پہنچانے والا
۹۳	النُّوْرُ .	سراپا نور

www.iqbalkalmati.blogspot.com

نمبر شمار	نام	معنیٰ و مطلب
۹۴	اَلْهَادِیُ	ہدایت دینے والا
۹۵	اَلْبَدِیْعُ	بغیر مثالِ سابق کے مخلوق کا پیدا فرمانے والا
۹۶	اَلْبَاقِیُ	ہمیشہ رہنے والا جس کو کبھی فنا نہیں
۹۷	اَلْوَارِثُ	سب کے فنا ہو جانے کے بعد باقی رہنے والا
۹۸	اَلرَّشِیْدُ	صاحبِ رشد و حکمت جس کا ہر فعل اور فیصلہ درست ہے
۹۹	اَلصَّبُوْرُ	بڑا صابر

(اول تا آخر اکثر رسالہ کا ماخذ معارف الحدیث ہے)

اسماءِ اعظم ایک نظر میں

دعا کرنے میں آسانی کے لئے مذکورہ احادیثِ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

مبارکہ میں ذکر کئے گئے تمام اسماءِ اعظم کو یکجا کیا جاتا ہے۔

(۱) یَاحَیُّی یَاقَیُّوْمُ. یَااِلٰھَنَا وَ اِلٰہَ کُلِّ شَیْءٍ اِلٰھاً وَّاحِداً لَآاِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ. یَااِلٰھَنَا وَ اِلٰہَ کُلِّ شَیءٍ یَاذَالجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ.

(۲) وَاِلٰھُکُمْ اِلٰہٌ وَاحِدٌ لَّااِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ. الٓمّٓ اَللّٰہُ لَااِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَعَنَتِ الْوُجُوہُ لِلْحَیِّ الْقَیُّوْمِ.

(۳) اَللّٰہُ لَااِلٰـہَ اِلَّاھُوَ ط اَلْـحَـیُّ الْقَیُّـوْمُ ج لَاتَـأْخُـذُہٗ سِـنَۃٌ وَّلَا نَـوْمٌ ط لَـہٗ مَـا فِی السَّـمٰـوٰتِ وَمَـا فِـی

www.iqbalkalmati.blogspot.com

الْاَرْضِ ط مَنْ ذَا الَّذِی یَشْفَعُ عِنْدَهٗ اِلَّا
بِاِذْنِه ط یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِم وَمَا خَلْفَهُم ج
وَلَا یُحِیْطُونَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِه اِلَّا بِمَا
شَاءَ ج وَسِعَ کُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ج
وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ج
وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ○

(۴) قُلِ اللّٰهُمَّ مَالِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی
الْمُلْکَ مَنْ تَشَاءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ
تَشَاءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ ط
بِیَدِکَ الْخَیْرُ ط
اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ○

www.iqbalkalmati.blogspot.com

(٥) لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّی كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ

(٦) وَلَا تَكُوْنُوا كَالَّذِیْنَ نَسُوا اللّٰهَ فَاَنْسٰهُمْ اَنْفُسَهُمْ ط اُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ○ لَا یَسْتَوِیْ اَصْحٰبُ النَّارِ وَاَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ط اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ○ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَیْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْیَةِ اللّٰهِ ط وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ یَتَفَكَّرُوْنَ ○ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ ج هُوَ الرَّحْمٰنُ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

الرَّحِيْمُ ○ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا هُوَ ج
اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ
الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ط
سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ○ هُوَ اللّٰهُ
الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَاءُ
الْحُسْنٰى ط يُسَبِّحُ لَهُ مَا فِى السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ ج وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○

(۷) اَللّٰهُمَّ اِنِّى اَسْئَلُكَ بِاَنِّى اَشْهَدُ اَنَّكَ
اَنْتَ اللّٰهُ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ
الَّذِیْ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ
يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُ كُفُوًا اَحَدٌ.

www.iqbalkalmati.blogspot.com

(۸) اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُکَ بِاَنَّ لَکَ الْحَمْدُ لاَ اِلٰـہَ اِلاَّ أنْتَ الْحَنَّانُ الْمَنَّانُ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَاذَا الْجَلاَلِ وَالْاِکْرَامِ،یَاحَیُّی یَاقَیُّومُ أسْئَلُکَ.

(۹) اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ الطَّاھِرِ الطَّیِّبِ الْمُبَارَکِ الْاَحَبِّ اِلَیْکَ الَّذِی اِذَا دُعِیْتَ بِہ اَجَبْتَ وَاِذَا سُئِلْتَ بِہ اَعْطَیْتَ وَاِذَااسْتُفْرِجْتَ بِہ فَرَّجْتَ.

(۱۰) اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ الْاَعْظَمِ

(۱۱) اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُکَ بِاَنَّکَ مَلِکٌ وَّاَنْتَ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ، وَ مَا تَشَاءُ مِنْ اَمْرِیَکُوْنُ.

(۱۲) رَبِّ رَبِّ

(۱۳) اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُکَ بِاَنَّ لَکَ الْحَمْدُ لاَ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الْمَنَّانُ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ، یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ اَسْئَلُکَ.

(۱۴) اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُکَ یَا اَللّٰہُ بِاَنَّکَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَ لَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ اَنْ تَغْفِرَلِی ذُنُوْبِی اِنَّکَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْم.

www.iqbalkalmati.blogspot.com

(۱۵) اَللّٰھُمَّ اِنِّی عَبْدُکَ وَابْنُ عَبْدِکَ وَابْنُ اَمَتِکَ نَاصِیَتِی بِیَدِکَ مَاضٍ فِیَّ حُکْمُکَ عَدْلٌ فِیَّ قَضَاؤُکَ اَسْئَلُکَ بِکُلِّ اِسْمٍ ھُوَ لَکَ سَمَّیْتَ بِہٖ نَفْسَکَ اَوْعَلَّمْتَہٗ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِکَ اَوْاَنْزَلْتَہٗ فِی کِتَابِکَ اَوِاسْتَأْثَرْتَ بِہٖ فِی عِلْمِ الْغَیْبِ عِنْدَکَ اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ رَبِیْعَ قَلْبِیْ وَ نُوْرَ صَدْرِیْ وَجَلَاءَ حُزْنِیْ وَذَھَابَ ھَمِّیْ وَ غَمِّیْ.

(۱۶) اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَدْعُوْکَ اللّٰہَ وَاَدْعُوْکَ الرَّحْمٰنَ وَاَدْعُوْکَ الْبَرَّ الرَّحِیْمَ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

وَاَدْعُوْکَ بِاَسْمَائِکَ الْحُسْنٰی کُلِّھَا مَا عَلِمْتُ مِنْھَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ اَنْ تَغْفِرَلِیْ وَتَرْحَمَنِی.

❁ ❁ ❁

۲۷ رجب ۱۹۲۹ھ بروز جمعرات فیصل آباد سے بذریعہ طیارہ کراچی آتے ہوئے راستہ میں دن کے ڈھائی بجے رسالہ کی اصلاح وترمیم کا کام مکمل ہوا، اللہ تعالیٰ قبول فرمائے، آمین

عبدالرؤف سکھروی

وللہ الحمد اوّلا و آخرا

وصلی اللہ تعالیٰ علی النبی الکریم محمد

و آلہ و أصحابہ اجمعین الی یوم الدین

❁❁❁

www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

حضرت مولانا مفتی عبدالرؤف سکھروی دامت برکاتہم العالیہ

کی پراثر مفید اور نایاب کتب جو ہر گھر کے لئے نہایت نافع اور ضروری ہیں، عمدہ ٹائٹل،
اعلیٰ طباعت و کتابت اور بہترین کاغذ کے ساتھ اب مکتبۃ الاسلام کراچی سے براہ راست دستیاب ہیں

جمعہ کے معمولات

عمل مختصر اور ثواب زیادہ

دعائے عرفات

دو سورتوں کے فضائل
(سورۂ ملک اور سورۂ یٰسین)

درود و سلام کا حسین مجموعہ

عمرہ کا آسان طریقہ

حج و عمرہ

حج کا طریقہ قدم بہ قدم

خواتین کا حج

روزانہ کے معمولات

مکتبۃ الاسلام کراچی